## مختلف قومیتوں سے تعلق رکھنے والے سینکڑوں افراد کی متحدہ قومی موومنٹ میں شمولیت

## ماڑی پور ٹرک اسٹینڈ پر ایم کیو ایم کے رابطہ آفس کا افتتاح

## ایم کیو ایم ملک سے موروثی سیاست کا خاتمہ چاہتی ہے۔نعمان سہگل،سردار خان کا اجتماع سے خطاب

کراچی۔۔۔24،اگست 2007ء

متحدہ قومی موومنٹ پختون پنجابی آرگنائزنگ کمیٹی کے زیر اہتمام گزشتہ روز ماڑی پور ٹرک اسٹینڈ پر ایک اجتماع منعقد ہوا جس میں مہمند، آفریدی، نیازی، شینواری اور حسن زئی برادریوں سے تعلق رکھنے والے افراد نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔ اجتماع میں بابو گل افضل، ریاض خان، زین اللہ اور آل پاکستان ٹرک لوڈنگ اینڈ ٹریلر ایسوسی ایشن کے سینکڑوں افراد نے قائد تحریک جناب الطاف حسین کی قیادت پر مکمل اعتماد کا اظہار کرتے ہوئے متحدہ قومی موومنٹ میں شمولیت کا اعلان کیا۔اجتماع میں حق پرست صوبائی مشیر ماحولیات نعمان سہگل اور ایم کیو ایم پختون پنجابی آرگنائزنگ کمیٹی کے انچارج سردار خان نے ماری پور ٹرک اسٹینڈ پر ایم کیو ایم کے رابطہ آفس کا افتتاح بھی کیا۔اس موقع پر سائٹ ٹاؤن کے حق پرست نائب ناظم سید بادشاہ خان اور ایم کیو ایم کی پختون پنجابی آرگنائزنگ کمیٹی کے اراکین بھی موجود تھے۔اجتماع سے خطاب کرتے ہوئے صوبائی مشیر ماحولیات نعمان سہگل نے کہا کہ متحدہ قومی موومنٹ شہریوں کی بلاتفریق خدمت کررہی ہے اور کرتی رہے گی اور انکے جائز مسائل کے حل کیلئے اپنا ہر ممکن کردار ادا کرے گی۔اجتماع سے خطاب کرتے ہوئے ایم کیو ایم پختون پنجابی آرگنائزنگ کمیٹی کے انچارج سردار خان نے کہا کہ متحدہ قومی موومنٹ ایک انقلابی تحریک ہے جو ملک کے کرپٹ اور بگڑے ہوئے نظام کو بدلنا چاہتی ہے۔انہوں نے کہا کہ ایم کیو ایم ملک سے موروثی سیاست کا خاتمہ چاہتی ہے اور پاکستان کے 98، فیصد غریب ومتوسط طبقے کے عوام کو ان کے جائز حقوق دلا کر ہی دم لے گی۔انہوں نے متحدہ قومی موومنٹ میں شمولیت کا اعلان کرنے والے افراد کا زبردست خیر مقدم کیا اور انہیں مبارکباد بھی پیش کی۔

## خدمت خلق فاؤنڈیشن کے تحت ہیپا ٹائٹس بی کی روک تھام کیلئے دوسرا فری میڈیکل کیمپ

## ہفتہ کو نارتھ ناظم آباد میں لگایا جائے گا کیمپ میں بچوں کو ہیپا ٹائٹس بی کے ٹیکے مفت لگائے جائیں گے

کراچی۔۔۔24،اگست 2007ء

متحدہ قومی موومنٹ کے فلاحی ادارے خدمت خلق فاؤنڈیشن کے تحت ہیپا ٹائٹس بی کی تشخیص اور اس مرض کی روک تھام کیلئے دوسرا فری میڈیکل کیمپ اتوار 25،اگست کو نارتھ ناظم آباد بلاک P حسن ڈی سلوا ٹاؤن پارک میں لگایا جائے گا جس میں بچوں کو ہیپا ٹائٹس بی کے ٹیکے مفت لگائے جائیں گے۔خدمت خلق فاؤنڈیشن کے صدر شیخ لیاقت حسین نے عوام سے اپیل کی کہ وہ خدمت خلق فاؤنڈیشن کی جانب سے موذی مرض کی تشخیص اور روک تھام کیلئے جاری مہم سے بھرپور استفادہ کریں اور زیادہ سے زیادہ تعداد میں اپنے بچوں کو ہیپا ٹائٹس بی کے ٹیکے لگوا کر اس موذی مرض سے محفوظ کریں اور اس کے خاتمے کیلئے اپنا بھرپور کردار ادا کریں۔واضح رہے کہ خدمت خلق فاؤنڈیشن کے تحت ہیپٹا ٹائٹس بی کی تشخیص اور اس کی روک تھام کیلئے باقاعدہ مہم شروع کی گئی ہے اس مہم کے سلسلے میں گزشتہ ہفتے ایک فری میڈیکل کیمپ اورنگ آباد میں لگایا جا چکا ہے جس میں دو ماہ سے پانچ سال کی عمر کے سینکڑوں بچوں کو ہیپٹا ٹائیٹس بی سے بچاؤ کے ٹیکے مفت لگائے گئے تھے۔

## ملک کے ممتاز نعت خواں خورشید احمد کی علالت پر الطاف حسین کا اظہار تشویش

لندن۔۔۔24 اگست 2007ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے ملک کے ممتاز نعت خواں خورشید احمد کی علالت پر گہری تشویش کا اظہار کیا ہے اوراللہ تعالیٰ سے دعا کی ہے کہ وہ خورشید احمد کو صحتیاب کرے اوران کی عمردراز کرے۔ جناب الطاف حسین نے عوام سے بھی اپیل کی ہے کہ وہ خورشید احمد کی جلد صحتیابی اور درازی عمر کیلئے دعا کریں۔

## ایم کیوایم کے سینئرڈپٹی کنوینر طارق جاویداورایم کیوایم یوکے عہدیداروں نے لندن کے مقامی اسپتال میں ایم کیوایم شعبہ خواتین یوکے کی انچارج محترمہ صفیہ اکبر کی عیادت کی

لندن۔۔۔24 اگست 2007ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی کے سینئرڈپٹی کنوینر طارق جاوید نے لندن کے مقامی اسپتال میں ایم کیوایم شعبہ خواتین یوکے کی انچارج محترمہ صفیہ اکبر کی عیادت کی جو چندروز سے علیل ہیں۔طارق جاوید نے محترمہ صفیہ اکبر کی خیریت دریافت کی اوران کی جلد صحتیابی کی دعا کی۔اس موقع پرایم کیوایم شعبہ خواتین کی ارکان اورایم کیوایم یوکے کے آرگنائزرسلیم دانش بھی ان کے ہمراہ تھے۔علاوہ ازیں ایم کیوایم یوکے کے آرگنائزرسلیم دانش اورآرگنائزنگ کمیٹی کے ارکان نے بھی شعبہ خواتین یوکے کی انچارج محترمہ صفیہ اکبراورایم کیوایم یوکے کے سابق آرگنائزرسید محمد اکبر کی عیادت کی جوکافی عرصہ سے علیل ہیں۔

## پنجاب کے ورکرزکنونشن کی زبردست کامیابی سے ایک مرتبہ پھر ثابت ہوگیا ہے کہ پنجاب سے ایم کیوایم کوختم نہیں کیا جاسکا،اندرون سندھ تنظیمی کمیٹی متحدہ قومی موومنٹ

کراچی۔۔۔24،اگست 2007ء

متحدہ قومی موومنٹ اندورن سندھ تنظیمی کمیٹی کے اراکین نے کہا ہے کہ لاہورمیں ہونیوالے ایم کیوایم پنجاب کے ورکرزکنونشن کی زبردست کامیابی سے ایک مرتبہ پھر ثابت ہوگیا ہے کہ پنجاب سے ایم کیوایم کوختم نہیں کیا جاسکا اورایم کیوایم کے پرعزم کارکنان تحریک کے پرچم تلے متحد ومنظّم ہیں۔اپنے مشترکہ بیان میں انہوں نے کہا کہ متحدہ قومی موومنٹ کی جدوجہد کا مقصد ملک بھر کے غریب ومتوسط طبقے کے عوام کوبلاتفریق ان کے حقوق دلانا ہے اورایم کیوایم ملک میں رائج فرسودہ جاگیردارانہ، وڈیرانہ اورسردارانہ نظام کا خاتمہ کرکے دم لے گی۔انہوں نے کہا کہ پنجاب ورکرزکنونشن میں پنجاب بھر سے ایم کیوایم کے کارکنان کی ہزاروں کی تعداد میں شرکت سازشی عناصر کے منہ پرطمانچہ ہے اورسازشی عناصر جان لیں کہ حق پرستی کے قافلے کوروکنے کیلئے جتنی بھی گھناؤنی سازشیں کرلی جائیں لیکن ملک بھر کے عوام کے دلوں سے قائدتحریک جناب الطاف حسین کی عقیدت ومحبت کو ہرگزنہیں نکالا جاسکتا۔انہوں نے کہا کہ ایم کیوایم پنجاب کے کارکنان نے ورکرزکنونشن میں جس بڑی تعداد میں شرکت کرکے حق پرستی کی تحریک میں ہرقسم کی قربانی دینے کا عزم کیا اورقائدتحریک جناب الطاف حسین سے جس عقیدت ومحبت کا اظہار کیا ہے اس پرپنجاب کا ہرکارکن زبردست خراج تحسین کا مستحق ہے۔اندرون سندھ تنظیمی کمیٹی کے ارکان نے پنجاب ورکرزکنونشن کی کامیابی پرقائدتحریک جناب الطاف حسین اورایم کیوایم پنجاب کے ذمہ داران وکارکنان کومبارکباد پیش کی اورکہا کہ حق پرستی کی تحریک انشاءاللہ اپنی منزل ومقصود تک ضرور پہنچے گی۔

# ایم کیوایم لائنز ایریا سیکٹر کے سیکٹر انچارج عبدالحمید کی والدہ کے انتقال پر رابطہ کمیٹی کا اظہار تعزیت

کراچی۔۔۔24، اگست 2007ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ایم کیوایم لائنز ایریا سیکٹر کے سیکٹر انچارج عبدالحمید کی والدہ محترمہ نور جہاں کے انتقال پر گہرے رنج وغم کا اظہار کیا ہے۔ ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحومہ کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی۔ رابطہ کمیٹی نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومہ کو اپنی جوار رحمت میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو صبر جمیل کی توفیق عطا کرے۔

☆☆☆☆☆